سوال

(64)جس زمین کی پیداوار آب پاشی کے ذریعہ ہوتی ہے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جس زمین کی پیداوار آب پاشی کے ذریعہ ہوتی ہے، اس کا عشر دسواں حصہ ہے تو بجائے آب پاشی کے زمین میں کھاد خرید کر دیا جائے، جو خرچہ آبپاشی سے بہت زیادہ ہے اور مالگذاری بھی لگتی ہو تو اس کا عشر کس حساب سے لگے گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کھاد کا خرچ ہے تو نفع بھی ہے، جو برابر ہو جاتا ہے، اس لیے کھاد کے خرچ سے زکوۃ اراضی میں فرق آئے گا، البتہ سرکاری معاملہ کا لحاظ رکھا جائے گا۔ (اہل حدیث ۲۹ جون ۱۹۴۶ئ)
(فتاویٰ ثنائیہ جلد ۱ ص ۴۷۰)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 7 ص 145

محدث فتویٰ